ماڈیول ۲۱

حدیث نمبر 36

مسلمان کی حاجت کو پورا کرنے اور تلاوتِ قرآن کی فضیلت

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ نے ارشاد فرمایا:

"جو شخص کسی مومن کی دنیا کی پریشانیوں میں سے کوئی پریشانی دور کرے، اللہ اس کی قیامت کی پریشانیوں میں سے کوئی پریشانی دور کرے گا۔ جو شخص کسی تنگ دست کے لیے آسانی پیدا کرے، اللہ اس کے لیے دنیا اور آخرت میں آسانی پیدا کرے گا۔ اور جو شخص کسی مسلمان کے عیب کو چھپائے، اللہ اس کے عیب کو دنیا اور آخرت میں چھپائے گا۔ اور اللہ اپنے بندے کی مدد میں ہوتا ہے جب تک بندہ اپنے بھائی کی مدد میں رہتا ہے۔ اور جو شخص علم حاصل کرنے کے لیے کسی راستے پر چلے، اللہ اس کے لیے جنت کا راستہ آسان کر دیتا ہے۔ اور اگر لوگ اللہ کے گھروں میں جمع ہو کر اللہ کی کتاب کی تلاوت کرتے ہیں، اور آپس میں اس کی تعلیم اور تدریس کرتے ہیں، تو ان پر سکون اترتا ہے، اور انہیں اللہ کی رحمت گھیر لیتی ہے، اور فرشتے انہیں اپنے پروں سے گھیر لیتے ہیں، اور اللہ ان کا ذکر اپنی مخلوق کے سامنے کرتا ہے، اور جو ان کے عمل کی وجہ سے پیچھے رہ گیا، اس کا نسب اسے آگے نہیں لے جا سکتا۔"

اس حدیث میں سات اہم باتوں کا ذکر ہے:

مسلمان کی قربت دور کرنا

نبی ﷺ نے فرمایا جو مسلمان کی دنیا کی مشکلات دور کرے، اللہ اس کی قیامت کی مشکلات دور کرے گا۔ یہ مشکل دین اور دنیا دونوں کے تعلق سے ہو سکتی ہے۔ ایک مسلمان کا فرض ہے کہ وہ دوسرے مسلمان کی مدد کرے، چاہے وہ مالی ہو، جذباتی ہو یا مشورے کے طور پر ہو۔ یہ عمل اللہ کے نزدیک اتنا مقبول ہے کہ قیامت کے سخت دن میں انسان کے لیے آسانی پیدا کرے گا۔

تنگ دست پر آسانی پیدا کرنا

اگر کسی پر قرض ہو اور وہ ادا کرنے کی صلاحیت نہ رکھتا ہو، تو اس کو مہلت دینا یا قرض معاف کر دینا بے پناہ ثواب کا سبب ہے۔ اللہ ارشاد فرماتا ہے کہ جو انسان آسانی پیدا کرے، اللہ اس کے لیے دنیا اور آخرت میں آسانی پیدا کرے گا۔

مسلمان کے عیب چھپانا

جو مسلمان کے عیب کو چھپائے، اللہ اس کے عیب دنیا اور آخرت میں چھپا لے گا۔ لیکن اگر کوئی مسلمان بڑا گناہ گار ہو اور اس کا عمل لوگوں کے لیے نقصان کا سبب بن رہا ہو، تو اس کے برعکس حکمرانوں کو یا لوگوں کو آگاہ کرنا ضروری ہے۔ جیسے ایک مسلمان دوسرے مسلمان کو غسل دیتے وقت چاہیے کہ اس کے عیب یا شرمگاہ کے بارے میں کسی سے کوئی تذکرہ نہ کرے۔

اللہ کے بندے کی مدد

اگر ایک مسلمان کسی دوسرے کی مدد کرے، چاہے کسی بھی طریقے سے ہو، اللہ اس کی مدد کرتا ہے۔ یہ مدد چھوٹی ہو یا بڑی، ہر طریقے سے ثواب کا سبب ہے۔

علم حاصل کرنے کا طریقہ

جو انسان علم حاصل کرنے کے لیے سفر کرتا ہے، اللہ اس کے لیے جنت کا راستہ آسان بناتا ہے۔ یہاں علم سے مراد قرآن اور حدیث کا علم ہے۔ اس علم کو حاصل کرنے کے لیے ہر مسلمان کو کوشش کرنی چاہیے۔ مقصد جہالت کو معاشرے سے دور کرنا ہونا چاہیے۔ اس میں تجوید، حدیث سیکھنا، کوئی درس میں شرکت کرنا، یہ سب شامل ہے۔

قرآن اور حدیث کا درس

جہاں لوگ اکٹھے ہوتے ہیں اللہ کے گھر میں یا کسی اور جگہ ،اور قرآن اور حدیث کا درس دیتے ہیں،ان پر سکینہ (سکون)،رحمت اور ملائکہ کا سایہ ہوتا ہے۔اللہ ان کا ذکر اپنی مخلوق کے سامنے کرتا ہے۔

عمل کی ضرورت

نبی ﷺ نے فرمایا کہ جس انسان کے پاس عمل نہیں ہوگا،اس کا نسب یا رتبہ اسے آگے نہیں لے جا سکتا۔اللہ کے یہاں مرتبہ صرف عمل کی بنیاد پر ہے،نہ کہ نسب یا برادری پر۔

Hadith Number 36

Musalman ki Hajaat ko Pura Karne aur Tilawat-e-Quran ki Fazilat

Hazrat Abu Hurairah (RA) riwayat karte hain ke Nabi ﷺ ne irshad farmaya:

"Jo shakhs kisi momin ki duniya ki pareshaniyon mein se koi pareshani door kare, Allah uski qayamat ki pareshaniyon mein se koi pareshani door karega. Jo shakhs kisi tangdast ke liye asani paida kare, Allah uske liye duniya aur aakhirat mein asani paida karega. Aur jo shakhs kisi musalman ke aib ko chupaye, Allah uske aib ko duniya aur aakhirat mein chupayega. Aur Allah apne bande ki madad mein hota hai jab tak banda apne bhai ki madad mein rahta hai. Aur jo shakhs ilm haasil karne ke liye kisi raste par chale, Allah uske liye jannat ka rasta asaan kar deta hai.Aur agar log Allah ke gharon mein jama ho kar Allah ki kitab ki tilawat karte hain, aur aapas mein uski taaleem aur tadrees karte hain, to un par sukoon utarta hai, aur unhe Allah ki rahmat gher leti hai, aur farishte unhe apne paron se gher lete hain, aur Allah unka zikar apni makhlooq ke samne karta hai, aur jo unki amal ki wajah se peeche reh gaya, uska nasab usay aage nahi le jaa sakta."

Is hadith mein saat ahem baaton ka zikar hai:

Musalman ki Madad aur Allah ki Inayat

Nabi ﷺ ne farmaya jo musalman ki duniya ki mushkilat door kare, Allah uski qayamat ki mushkilat door karega. Yeh mushkil deen aur duniya dono ke taluq se ho sakti hai. Ek musalman ka farz hai ke wo doosre musalman ki madad kare, chahe wo maali ho, jazbati ho ya mashwari ke taur par ho. Yeh amal Allah ke nazdeek itna maqbool hai ke qayamat ke sakht din mein insaan ke liye asani paida karega.

Tange-dast par asani paida karna

Agar kisi par qarz ho aur wo ada karne ki salahiyat na rakhta ho, to usko mohlat dena ya qarz maaf kar dena bepanah sawab ka sabab hai. Allah irshad farmata hai ke jo insaan asani paida kare, Allah uske liye dunya aur aakhirat mein asani paida karega.

Musalman ke aib chhupana

Jo musalman ke aib ko chhupaye, Allah uske aib dunya aur aakhirat mein chhupa lega. Lekin agar koi musalman bara gunehgar ho aur uska amal logon ke liye nuqsan ka sabab ban raha ho, to iske baraks hukmaranon ko ya logon ko agah karna zaroori hai. Jaise ek musalaman dorse musalaman ko ghusl detey to use chahiye kay us kay aib ya sharam gha kay barey kisi se koe tazkera na kare.

Allah ke banday ki madad

Agar ek musalman kisi doosre ki madad kare, chahe kisi bhi tareeqay se ho, Allah uski madad karta hai. Yeh madad chhoti ho ya bari, har tareeqay se sawab ka sabab hai.

Ilm haasil karne ka tareeqa

Jo insaan ilm haasil karne ke liye safar karta hai, Allah uske liye jannat ka rasta asaan banata hai. Yahaan ilm se muraad Quran aur hadith ka ilm hai. Is ilm ko haasil karne ke liye har musalman ko koshish karni chahiye. Maqsad jahalat ko mashrey se door karna honi chaiye. Is me Tajweed, hadeeth seekhna, koe dars me shirkat karna ,yeh sab is me shamil hai.

Quran aur hadith ka dars

Jahan log ikhatte hote hain Allah ke ghar mein ya kisi aur jagah, aur Quran aur hadith ka dars dete hain, unpar sakina (sukoon), rahmat aur malayika ka saaya hota hai. Allah unka zikr apni makhlooq ke samne karta hai.

Amal ki zarurat

Nabi ﷺ ne farmaya ke jis insaan ke paas amal nahi hoga, uska nasab ya rutba usay aage nahi le jaa sakta. Allah ke yahan martaba sirf amal ki buniyad par hai, na ke nasab ya baradri par.